چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی حیسکو ریجن کے چیف انجنیئرز، چاروں آپریشن سرکلوں کے افسران سے حیسکو کانفرنس ہال میں کارکردگی کے بارے میں میٹنگ۔

واجبات کی 100% وصولی کو یقینی بنائیں، بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کریں، صارفین کو درست ریڈنگ کا بل جاری کیا جائے تا کہ صارفین اپنے بجلی کے بل مقرر وقت پر جمع کرا سکیں۔ بجلی سے متعلق شکایات کا فوری حل کریں۔ حیسکو چیف نور احمد سومرو کی تمام سرکلوں کے افسران کو ہدایات۔ حیسکو ترجمان

☆ حیدرآباد ( )حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو نے چیف انجنیئرز، حیسکو ریجن کے چاروں آپریشن سرکلوں کے سپرنٹینڈنگ انجنیئرز سے حیسکو کانفرنس ہال میں کارکردگی کے بارے میں میٹنگ کی۔ تفصیلات کے مطابق حیسکو ریجن کے تمام علائقوں میں واجبات کی 100% فیصد وصولی کو یقینی بنانے، بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر کے اور ان کو کیفر کردار تک پہنچانے، بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے کی ہدایات دیں جس سے لائن لاسسز کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے، حیسکو صارفین حیسکو کے محافظ ہیں اسی لیئے ہمیں ان کی قدر کرنی ہے، صارفین کو درست ریڈنگ کا بجلی کا بل جاری کریں، اور ہر بل پر میٹر کی ریڈنگ کا فوٹو نمایاں شایع کرنے کو یقینی بنائیں، تا کہ صارفین اپنے بجلی کے بل مقرر وقت پر جمع کرا سکیں۔ بجلی سے متعلق شکایات کا فوری حل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہر ادارہ تب ہی سکون سے رہ سکتا ہے جب اس کا صارف اس کی سروسز سے خوش رہے، اسی لیئے صارفین کو بجلی کی بہتر فراہمی اور بجلی کا بل وقت پر پہنچانا ہمارا نصب العین ہے۔ بجلی سے متعلق شکایات کا فوری حل ہماری ذمہ داری ہے۔ تمام فیلڈ افسران کی ذمے داری کہ صارفین کی شکایات کو خوش اصلوبی سے سنیں اور اس کے فوری حل کیلیئے اقدامات کریں کیونکہ عوام کی سہولت ہی آپ کے فرائض ہیں، غفلت برتنے والوں کے خلاف مروجہ قانون کے تحت فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ میٹنگ میں چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو، چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان، چیف انجنیئر ڈولپمنٹ / پراجیکٹ ڈائریکٹر جی ایس سی طارق باجاری ، پراجیکٹ ڈائریکٹر کنسٹرکشن جاوید اسحاق ابڑو، سپرنٹینڈنگ انجنیئر جی ایس او سرکل رمیش کمار، سپرنٹینڈنگ انجنیئر آپریشن سرکل حیدرآباد نثار احمد میمن، سپرنٹینڈنگ انجنیئر سرکل لاڑ عبدالغفور شیخ، سپرنٹینڈنگ انجنیئر میرپورخاص ذوالفقار علی میمن، S.E نوابشاہ سرکل رشید احمد انصاری، مینجر کمرشل ذکی مختار بھی موجود تھے۔ عوام/ صارفین سے اپیل کی جاتی ہے کہ بجلی قانونی طریقے سے استعمال کریں اور اپنے ذمہ حیسکو کے واجبات بر وقت ادا کریں تا کہ بجلی کی بہتر سروس فراہم کی جا سکے۔ لہذا فوری واجبات ادا کریں اور بجلی منقطع ہونے کی تکلیف سے بچیں۔ آپکے تعاون کا متمنی حیسکو۔

حیدرآباد: حیسکو چیف نوراحمد سومرو کی چیف انجینئرز اور چاروں آپریشن سرکل کے افسران سے کارکردگی کے بارے میں میٹنگ جاری ہے